# PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT OF KHYBER PAKHTUNKHWA

No. PA/Khyber Pakhtunkhwa/L-II (Q) /2025/716
Dated Peshawar, the 14 /07/2025.

**MOST IMMEDIATE**
**ASSEMBLY BUSINESS**
**PH # 091-9210489 Ext: (1216)**

To,

All the Administrative Secretaries,
Government of Khyber Pakhtunkhwa.

Subject: - **PROVISIONAL ALLOTMENT OF DAYS FOR ANSWERING QUESTIONS FOR 9TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.**

Dear Sir/Madam,

I am directed to refer to the subject cited above and to inform you that under Rule 37 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, Mr. Speaker has been pleased to allot days to various Administrative Departments in order of rotation for answering questions in the Provincial Assembly Session as at **Annexure-I**.

**2.** The questions in 1st, 2nd, 3rd, 4th and 5th groups at **Annexure-II** will be taken-up in the upcoming 9th Session of the Assembly. However, less than ten days notice of question from the day of answering would be deleted from the list, if Session is summoned, shortly. Moreover, replies to the questions, if already not sent, shall be furnished at the earliest.

**3.** In case of non receipt of reply to a question, blank question will be placed on the list of business, and in that case, for any embarrassment of the Minister, the Department will be responsible.

**Note: -** **Allotment of days along-with list of questions can also be downloaded from the official website of the Provincial Assembly on the given link www.pakp.gov.pk**

Yours faithfully,

**(SARMAD ULLAH KHAN AFRIDI)**
**ASSISTANT SECRETARY-IX**

Endst No & Date Even

Copy of the above is forwarded for information & necessary action to:-

1. All the Provincial Ministers, Khyber Pakhtunkhwa.
2. All the Advisors to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
3. All the Special Assistants to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
4. All the Honorable Members of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
5. The Principal Secretary to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
6. The Principal Secretary to Governor, Khyber Pakhtunkhwa.
7. All the Additional Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
8. The Director IT, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
9. All the Deputy Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
10. All the Assistant Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
11. The Principal Secretary to Mr., Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of Mr. Speaker.
12. The P.S to Chief Secretary, Khyber Pakhtunkhwa for information Chief Secretary.
13. The Deputy Director Coordination & Protocol, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
14. The Private Secretary to Deputy Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of honorable Deputy Speaker.
15. The PA to Special Secretary, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Special Secretary.

**ASSISTANT SECRETARY-IX**

**ANNEXURE-I**

## PROVISIONAL ALLOTMENT OF DAYS FOR THE 9TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.

| Group No. | Date of Sitting | Name of Departments |
|---|---|---|
| 01st | To be fixed after summoning of Session | • Relief, Rehabilitation & Settlement<br>• Finance<br>• Irrigation<br>• Zakat, Ushr, Social Welfare & Women Empowerment<br>• Administration |
| 02nd | To be fixed after summoning of Session | • Food<br>• Energy & Power<br>• Higher Education, Archives & Libraries<br>• Elementary & Secondary Education<br>• Inter Provincial Coordination |
| 03rd | To be fixed after summoning of Session | • Agriculture<br>• Communication & Works |
| 04th | To be fixed after summoning of Session | • Planning & Development<br>• Health<br>• Establishment<br>• Sports & Youth Affairs<br>• Home & Tribal Affairs |
| 05th | To be fixed after summoning of Session | • Minerals Development<br>• Revenue & Estate<br>• Climate change, Forestry, Environment and wildlife<br>• Labour<br>• Industries, Commerce & Technical Education<br>• Excise, Taxation & Narcotics Control |

**ANNEXURE-II**

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا پہلا گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:52 AM - Mon
سوال نمبر **Question # 1519**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر سماجی بہبود از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف) آیا The Khyber Pakhtunkhwa Domestic Violence against Women)Prevention and Protection) Act 2021 کے تحت قواعد (Rules) بنے ہیں؟ اور سیکرٹری سمیت تمام متعلقہ محکموں کو ان کمیٹیوں کے اجلاسوں میں بلایا گیا تھا؟

(ب) کیا ڈسٹرکٹ پروٹیکشن کمیٹیاں فعال ہیں؟ اگر نہیں، تو کتنے عرصے سے غیر فعال ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:56 AM - Mon
سوال نمبر **Question # 1539**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر سماجی بہبود از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف) آیا یہ درست ہے کہ تمام صوبائی محکموں میں ٹرانسجنڈرز (Transgenders) کے لیے ملازمتوں میں کوٹہ مختص ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) گزشتہ پانچ سالوں کے دوران کس کس محکمے میں مذکورہ کوٹہ کے تحت ٹرانسجنڈرز کو تعینات کیا گیا؟

(ii) نیز تمام صوبائی محکموں میں تعینات کیے گئے ٹرانسجنڈرز کی فہرست فراہم کی جائے، اور اگر تعینات نہیں کیے گئے ہیں تو اس کی وجوہات بتائی جائیں۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:13 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1516**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر سماجی بہبود از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ معذور افراد کو آلات مہیا کرتا ہے؟

(ب) محکمہ نے معذور طبقے کو Main Stream سوسائٹی میں لانے کے لیے کیا اقدامات کئے ہیں؟

(ج) آیا حکومت، پرائیویٹ سوشل ویلفیئر کے ساتھ کوئی Working Relationship بنانے کا ارادہ رکھتی ہے تاکہ غربت کا خاتمہ ہو۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:47 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1589**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر زکوٰۃ وعشر از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) اس وقت صوبہ بھر میں کتنی ضلعی زکوٰۃ کمیٹیاں فعال ہیں؟ اور کتنے اضلاع میں ضلعی زکوٰۃ کمیٹیاں غیر فعال ہیں؟

(ب) گزشتہ 5 سالوں کے دوران ہر اضلاع میں کتنی رقم ان کمیٹیوں کے ذریعے مستحقین زکوٰۃ میں تقسیم کی گئی؟ ضلع وار تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج) صوبہ بھر میں لوکل زکوٰۃ کمیٹیوں کی تعداد کتنی ہے؟ خصوصاً ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں مقامی زکوٰۃ کمیٹیوں کی تعداد کتنی ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:04 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1402**
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ ضم شدہ اضلاع کے لئے قومی مالیاتی ایوارڈ(NFC) میں تین فیصد حصہ مختص کیاگیاہے ؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو توNFCایوارڈمیں تین فی صد مختص شدہ حصہ کس تناسب سے ضم شدہ اضلاع کو دیاجائے گا؟

(ج)ضم شدہ اضلاع کے لئے این ایف سی ایوراڈمیں اعلان کردہ حصے میں اب تک کتنی رقم اداکی گئی ہے ؟تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:05 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1403**
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)اس وقت صوبہ خیبر پختونخواکاوفاق کے ذمہ واجب الادارقوم کی مالیت کتنی ہے ؟

(ب)گزشتہ 5سالوں کے دوران وفاقی حکومت نے بجلی کی خالص منافع کی مد میں خیبر پختونخواکو سال وائز کتنی ادائیگیاں کی ہیں ؟مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:06 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1404**
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)اس وقت صوبہ خیبر پختونخواہ پر اندرونی اور بیرونی قرضوں کی کل حجم /مالیت کیاہے اس کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائیں۔

(ب)گزشتہ 4ادوار میں حکومت نے لینے والے قرضوں کی تفصیل ہر دور حکومت کی علیحدہ علیحدہ فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:29 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1401**
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ صوبائی حکومت مختلف اداروں کوGrant in Aidکی شکل میں امداد فراہم کرتی ہے ؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو توصوبائی حکومت نے سال14-2013سے لیکر دسمبر2023تک گومل یونیورسٹی ڈیرہ اسماعیل خان کو Grant in Aidکی مد میں کتنی رقم مہیا کی ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے.

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:35 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1449**
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بحالی وآبادکاری ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ محکمہ موسمیات کی طرف سے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں امسال سیلاب کے خطرے کی پیشنگوئی کی گئی ہے ؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تواس سلسلے میں صوبائی حکومت نے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان اور بالخصوص تحصیل درازندہ اور تحصیل کلاچی میں سیلاب سے بچاؤ کے لیے کیااقدامات اٹھارکھے ہیں۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:36 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1450**
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بحالی و آبادکاری از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ 2022 کے سیلاب کے بعد حکومتی سروے کے مطابق مقامی لوگوں کی املاک تباہ ہوئی تھیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ صوبائی حکومت نے مذکورہ متاثرین کو امداد دینے کا اعلان کیا تھا اور بعض متاثرین میں چیک بھی تقسیم کیے گئے تھے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) جن متاثرین لوگوں میں چیک تقسیم کیے گئے ہیں ان کا شناختی کارڈ نمبر، ملنی والی امدادی رقم بمعہ مکمل ایڈریس کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) جن گھرانوں یا خاندانوں کو امدادی رقم تا حال نہیں ملی ان کو امدادی رقم کب تک ملے گی؟

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:41 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1410**
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
**محترمہ نیلوفر بابر صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر خزانہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سال 2018 تا 2023 کے سالانہ ترقیاتی پروگرامز میں حلقہ پی کے۔1 چترال کے لئے کتنا فنڈ مختص کیا گیا تھا؟

(i) مذکورہ فنڈ میں سے کتنی رقم جاری ہوئی تھی اور کتنی خرچ ہوئی؟

(ii) مذکورہ خرچ شدہ فنڈ کہاں کہاں اور کن کن سکیموں پر خرچ کیا گیا ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:54 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1412**
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر خزانہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ بینک آف خیبر میں وائس پریزیڈنٹ اور اس سے اوپر کے عہدوں پر کام کرنے والے عہدیداران تعینات ہیں، اور ان عہدوں کے لئے مطلوبہ قابلیت کی ضرورت ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہے، تو:

(i) بینک آف خیبر میں وائس پریزیڈنٹ اور اس سے اوپر کے عہدوں پر کتنے افسران تعینات ہیں؟ براہ کرم ان کے نام، شناختی کارڈ نمبر، عہدہ، تعلیمی قابلیت اور آڈٹ واکاؤنٹنگ کے حوالے سے ان کی کوالیفیکیشن کی تفصیلات بمع ثبوت فراہم کریں۔

(ii) کیا ان اہم عہدوں پر فائز افسران کی رجسٹریشن انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان کے ساتھ ہوئی ہے؟ اگر نہیں، تو براہ کرم اس کی تفصیلات اور وجوہات فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:55 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1413**
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر انتظامیہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ کے زیر انتظام گورنمنٹ ریسٹ ہاؤسز ہیں؟ جن کے لیے بکنگ کی جاتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو کل کتنے ریسٹ ہاؤسز اور کون کون سے ہیں اور اس میں اکاموڈیشن کی گنجائش کتنی ہے؟ فی کمرہ اور فی سوٹ عوام اور خواص کے لئے چارجز کتنے کتنے ہیں؟ نیز جنوری اور فروری 2024 میں کہاں اور کتنے فیصد بکنگ ہوئی ہے اور اس سے کتنی رقم موصول ہوئی ہے؟ ریسٹ ہاؤس وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا دوسرا گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:32 AM - Mon
**سوال نمبر Question # 1374**
**Sent to Dept Date:** Jul 01, 2025 - Tue
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) پشاور میں سرکاری سکولوں کی کل تعداد کتنی ہے ؟

(ب) مذکورہ سکولوں میں اساتذہ اور طلباء وطالبات کی تعداد کتنی کتنی ہے ؟

(ب) گزشتہ 5 سالوں کے دوران سرکاری سکولوں میں طلباء وطالبات کی تعداد کم ہوئی ہے یا زیادہ ؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:33 AM - Mon
**سوال نمبر Question # 1375**
**Sent to Dept Date:** Jul 01, 2025 - Tue
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ گزشتہ کئی سالوں سے مفت کتابیں سرکاری سکولوں میں طلباء کو دیتا ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سال 2024 میں جو پرانی کتب طلباء یعنی پاس طلباء میں تقسیم کی گئی ہیں انکی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:34 AM - Mon
**سوال نمبر Question # 1376**
**Sent to Dept Date:** Jul 01, 2025 - Tue
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع پشاور میں پرائیویٹ سکول موجود ہیں ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) ضلع پشاور میں کل کتنے پرائیویٹ سکول ہیں ؟ اور ان سکولوں کی ماہانہ فیس کتنی ہے ؟ سکول وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) نیز ان پرائیویٹ سکولوں کی فیس کا تعین کون اور کس طریقہ کار کے تحت کرتا ہے ؟ اسکی بھی تفصیل دی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:41 AM - Mon
**سوال نمبر Question # 1605**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ اسلامیہ کالج پشاور میں مورخہ 08 اگست 2017ء کو کچھ ملازمین کو کنٹریکٹ پر بھرتی کیا گیا تھا، جن کو بعد میں ملازمت سے برخاست کیا گیا تھا ؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ملازمین کو 08 مئی 2024ء پشاور ہائی کورٹ نے اپنی ملازمت پر بحال کر دیا ہے ؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو محکمہ نے پشاور ہائی کورٹ کے فیصلہ پر عمل درآمد کیوں نہیں کیا ؟ اور ان ملازمین کو تاحال تنخواہ کیوں نہیں دی گئی ؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:42 AM - Mon
**سوال نمبر Question # 1604**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پشاور اور صوبے کے اکثر تعلیمی اداروں میں آئس کا نشہ طلباء وطالبات میں زیادہ پھیل رہا ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو حکومت نے آئس کے نشے کے تدارک کیلئے کیا اقدامات کیے ہیں ؟ حالانکہ آئس یونیورسٹی کے اندر بغیر کسی روک تھام کے آسانی سے ملتی ہے ؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 11:57 AM - Mon
سوال نمبر **Question # 1369**
**Sent to Dept Date:** Jul 01, 2025 - Tue
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ گزشتہ حکومت نے صوبہ میں نئے سکولز تعمیر کئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع ایبٹ آباد میں طلباء وطالبات کے کل کتنے پرائمری مڈل وہائیر سیکنڈری سکولز تعمیر کئے گئے ہیں۔ تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 11:58 AM - Mon
سوال نمبر **Question # 1370**
**Sent to Dept Date:** Jul 01, 2025 - Tue
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ محکمہ صوبے بھر کے گرلز و بوائز سکولوں میں خصوصی افراد کے کوٹے پر اساتذۃ بھرتی کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) کیامذکورہ آسامیوں کے لیے اشتہار دیا گیا ہے؟ اگر جواب ہاں میں ہو تو اشتہار کی کاپی فراہم کی جائے۔

(ii) ضلع ایبٹ آباد میں خصوصی افراد کے کوٹے میں کل کتنی آسامیاں کون کون سی کیٹگری میں کن کن سکولوں میں خالی ہیں؟ نیز میل وفی میل سکولوں میں خصوصی افراد کے کوٹے کے علاوہ کونسی کیٹیگری میں دیگر آسامیوں پر تقرریاں کب کی گئی تفصیل بمعہ دستاوزات فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 11:59 AM - Mon
سوال نمبر **Question # 1378**
**Sent to Dept Date:** Jul 01, 2025 - Tue
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ خیبرپختونخوا کے مختلف علاقوں بشمول سوات میں سیلاب کی وجہ سے سکولوں کے انفراسٹرکچر کو نقصان پہنچا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سوات میں سکولوں کی تعمیر کا کام کب شروع ہوگا اور کب مکمل ہو جائے گا تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 12:00 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1368**
**Sent to Dept Date:** Jul 01, 2025 - Tue
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ صوبے کے مختلف اضلاع میں ایسے سکول موجود ہیں جن کی تعمیر مکمل ہونے کے باوجود بھی ان میں تعلیمی سرگرمیاں شروع نہیں کی گئیں؟

(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو ھزارہ ڈویژن میں مذکورہ سکولوں کی تعداد، مقام اور سکولوں پر صرف شُدہ رقم کی تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 12:01 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1380**
**Sent to Dept Date:** Jul 01, 2025 - Tue
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا دیہ درست ہے کہ محکمہ طلباء کو مفت درسی کتُب فراہم کرتا ہے؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ محکمہ درسی کتُب کے علاوہ غریب اور نادار طلبا کو مفت یونیفارم بھی فراہم کرتا ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) ہزارہ ڈویژن میں سال 2018 سے تاحال محکمہ تعلیم نے کس درجے تک درسی کتب فراہم کی ہیں اور حکومت کو سالانہ کتنے اخراجات اٹھانے پڑے ہیں سال وائز تفصیل فراہم کی جائے۔؟

(ii) حکومت نے کتنے پرائمری اور ہائی سکولوں کے بچوں کو مفت یونیفارم دی ہیں اور کتنا خرچ آیا ہے سکول وائز اور سال وائز تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:33 PM - Mon
**Question # 1487 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
**Mr Ahmad Kundi, Member Provincial Assembly**

Will the Minister for Food state that:.
(a) It is true that the department enacted laws/acts from time to time related to the department/attached departments and subordinate bodies & authorities?
(b) whether the latest copies of each of the enacted Acts are available on the official website of the department/subordinate department? If so the details there of, if not the reasons thereof:
(c) Is it the fact that the department or its subordinate departments who were required to frame the rules under the enacted Acts. Despite the passage of years they have not been framed such rules? If so the reasons there of:
(d) What steps are being taken to make laws in line with the above Acts at an earliest?

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:34 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1551**
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر توانائی و برقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) اس وقت صوبہ بھر میں ہائیڈل پاور کے کتنے منصوبے فعال ہیں اور ان منصوبوں کی پیداواری صلاحیت کیا ہے؟

(ب) گزشتہ 5 سالوں کے دوران صوبہ خیبر پختونخوا میں ہائیڈل پاور کے کتنے منصوبے شروع کئے گئے ہیں؟ نیز ان منصوبوں کی پیداواری صلاحت کتنی ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:35 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1395**
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بین الصوبائی رابطہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ھذا صوبوں کے درمیان رابطہ کار کا کام سرانجام دیتا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ محکمہ صوبوں اور مرکز کے مابین باہمی دلچسپی کے امور کو بھی دیکھتا ہے؟

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو:

(i) صوبہ کے کتنے غریب لوگ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سے مستفید ہو رہے ہیں؟

(ii) کیا بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی اتھارٹی نے سٹیٹ بینک آف پاکستان کو BISP پروگرام سے مستفید ہونے والوں کیلئے Beneficiary Account کھولنے کی ہدایت کی ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:39 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1545**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(ا) آیا یہ درست ہے کہ گومل یونیورسٹی ڈیرہ اسماعیل خان کے بیشتر ملازمین کے پنشن کیسز التواء میں پڑے ہوئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) گومل یونیورسٹی ہر سال پنشن کی مد میں کتنی رقم خرچ کرتی ہے؟

(ii) اب تک پنشن کی مد میں کتنے ملازمین کے کیسز زیر التواء ہیں۔

(iii) پنشن کی مد میں زیر التواء کیسز کے ملازمین کے نام اور ان کے بقایاجات کی تفصیلات فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:40 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1547**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سالانہ ترقیاتی پروگرام 21-2020 میں نئے گورنمنٹ ڈگری کالجز کے قیام کیلئے فزیبلٹی سٹڈی کا منصوبہ شامل کیا گیا تھا؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو محکمہ ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کے کن کن حلقوں میں گورنمنٹ ڈگری کالجز قائم کرنا چاہتا ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا تیسرا گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 12:29 PM - Mon
سوال نمبرQuestion # 1389
Sent to Dept Date: Jul 03, 2025 - Thu
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر زراعت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ خیبر پختونخوا کو سالانہ لاکھوں روپے خوراک کی درآمد کی ضرورت پڑتی ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ خوراک کی پیداواری شرح بڑھانے کیلئے زراعت سے وابستہ کاشتکاروں کو سبسڈائیز کھاد، تخم، کیڑے مار ادویات، زرعی ٹیوب ویلز اور سستے داموں ٹریکٹرز اور مشینری وغیرہ فراہم کرنا حکومتی ترجیحات میں شامل ہیں؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) خوراک کی پیداواری شرح بڑھانے کیلئے گزشتہ پانچ سالوں کے دوران حکومت نے کیا اقدامات اٹھائے ہیں؟

(ii) مذکورہ عرصے کے دوران جن کاشتکاروں کو زرعی ٹیوب ویلز، ٹریکٹرز، مشینری وغیرہ فراہم کی گئی ہیں۔ ان کے نام، ولدیت، سکونت اور شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی سمیت مکمل تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 12:30 PM - Mon
سوال نمبرQuestion # 1388
Sent to Dept Date: Jul 03, 2025 - Thu
Mr Ahmad Kundi, Member Provincial Assembly

Will the Minister for Agriculture state that:.

(a) It is true that the department enacted laws / acts from time to time related to the department / attached departments and subordinate bodies & authorities?

(b) Whether the latest copies of each of the enacted Acts are available on the official website of the department / subordinate department? If so the details there of, if not the reasons there of:

(c) is it the fact that the department or its subordinate departments who were required to frame the rules under the enacted Acts. Despite the passage of years they have not been framed such rules? If so the reasons there of:

(d) What steps are being taken to make laws in line with the above Acts at an earliest?

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:13 AM - Tue
سوال نمبرQuestion # 1485
Sent to Dept Date: Jul 04, 2025 - Fri
جناب (95) محمد ریاض - پی کے صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر مواصلات و تعمیرات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع کرم میں AIP پروگرام کے تحت منصوبوں پر کام جاری ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ پروگرام کے تحت کتنے منصوبے مکمل اور کتنے نامکمل ہیں اس کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔ نیز جو منصوبے تاحال نامکمل ہیں ان کی وجوہات بتائی جائے۔

(ج) مذکورہ پروگرام کے تحت جاری کئے گئے فنڈز سے روڈز، بلڈنگ اور پلوں کے علاوہ دیگر کس مد میں کام کئے گئے ہیں نیز یہ پروگرام کب سے شروع ہوا ہے؟灌

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:17 AM - Tue
سوال نمبرQuestion # 1490
Sent to Dept Date: Jul 04, 2025 - Fri
محترمہ عاصمہ عالم صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر مواصلات و تعمیرات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ موجودہ حکومت نے ضلع جنوبی وزیرستان (سابقہ فاٹا) محکمہ مواصلات و تعمیرات کے شعبے کے لئے ترقیاتی فنڈز مختص کئے گئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ محکمے کے لئے کل کتنا فنڈ مختص کیا گیا ہے؟ اس میں سے کتنا فنڈز ریلیز کیا گیا ہے؟ اور کتنا فنڈ تاحال خرچ کیا گیا ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کیا جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا چوتھا گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:43 AM - Mon
سوال نمبر **Question # 1601**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خیبر انسٹیٹیوٹ فار چلڈرن ہسپتال کا بلڈنگ پچھلے 10 سال سے مکمل ہے ؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ہسپتال کو اب تک آپریشنل نہیں کیا گیا؟

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو مذکورہ ہسپتال کب تک آپریشنل کیا جائے گا اور کن وجوہات کے بنا پر تاخیر کا شکار ہوا مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:44 AM - Mon
سوال نمبر **Question # 1512**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے بھر کے ہسپتالوں میں اور بلخصوص پشاور کے ہسپتالوں میں مریضوں کے لئے گذشتہ حکومت سے لیکر اب تک سرکاری ادویات موجود نہیں ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو پشاور کے ہسپتالوں کو مذکورہ ادویات کب تک فراہم کی جائیں گی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:45 AM - Mon
سوال نمبر **Question # 1513**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حیات آباد برن یونٹ (ہسپتال) میں میڈیسن کی کمی کی وجہ سے مریض اپنے جیب سے تقریباً ایک ہزار سے لیکر 20 ہزار یومیہ ادا کرتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو حکومت مذکورہ ہسپتال کو کب تک ادویات فراہم کرے گی تاکہ غریب مریضوں کو مفت میڈیسن فراہم کی جائے تفصیل مہیا کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:46 AM - Mon
سوال نمبر **Question # 1514**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پشاور کے سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں سے مختلف ٹیسٹوں کیلئے مبلغ 500 روپے اور اس سے زیادہ کی فیس وصول کی جاتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) سی ٹی سکن، MRI اور گردوں / دل کے ٹیسٹوں کی کتنی فیس وصول کیا جاتی ہے؟ نیز مختلف آپریشن کی کتنی فیس وصول کی جاتی ہے؟

(ii) اس میں معذور، گونگے، نابینا اور بوڑھوں کے لیے کتنی رعایت ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:47 AM - Mon
سوال نمبر **Question # 1515**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سال 2017 سے لے کر آج تک خیبر پختونخواہ فارمیسی کونسل کے رجسٹر (ب) میں درج افراد میں سے کتنے افراد سرکاری نوکری سے منسلک تھے اور اب بھی ہیں؟ جنھوں نے محکمہ سے این او سی لیے بغیر فارمیسی ایجوکیشن کے نام پر متعلقہ افراد سے انسٹیٹیوٹس میں داخل ہونے کی بنیاد پر براہ راست امتحانات فارمیسی کونسل کے رجسٹر (ب) اندراج ہے؟ تفصیل فراہم کریں۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:48 AM - Mon
سوال نمبر **Question # 1518**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سال 2017 سے لے کر آج تک خیبر پختونخوا فارمیسی کونسل کے رجسٹر (ب) میں درج کتنے افراد کو صوبہ خیبر پختونخوا ڈرگ اونر کے تحت پرچون یا ڈسٹربیوشن ہول سیل کی مد میں ڈرگ سیل لائسنس دیئے گئے ہیں؟ تفصیل فراہم کریں۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:49 AM - Mon
سوال نمبر **Question # 1538**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختونخواہ فارمیسی کونسل فارمیسی ایکٹ 1967 ترمیم شدہ سے ماوراء Provisoاور شق 30 کے (c) سے منسلکہ شق 29(1)29(2)اور شق 30(c) شق 25 (g) مجریہ 1973 کے شق 2 فارمیسی کونسل خیبر پختونخواہ کے رجسٹر (ب) میں افراد کا اندراج کر رہی ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ اس ایکٹ کے شق (g) جن کا تو کورس آف سٹڈیز اور نہ پہلے کورس پڑھانے والے انسٹیٹیوٹس فارمیسی ایکٹ کے مذکورہ بالا سیکشن 2 کے تحت تسلیم شدہ ہے

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو سال 2017 سے لے کر آج تک کتنے افراد کو خیبر پختونخواہ فارمیسی کونسل کے رجسٹر (ب) میں رجسٹریشن دی گئی ہے؟ تفصیل فراہم کریں۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:50 AM - Mon
سوال نمبر **Question # 1517**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ہمارے صوبے میں رول ہیلتھ سینٹرز، بنیادی ہیلتھ سنٹر اور ڈسپنسریاں موجود ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مندرجہ بالا ڈسپنسریز میں تمام آسامیوں پر ملازمین تعینات ہیں؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ مندرجہ بالا ڈسپنسریز کو حکومت دوائیاں وغیرہ فراہم کرتی ہے؟

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:-

(i) صوبے میں کل کتنی رول ہیلتھ سینٹرز، بنیادی ہیلتھ سنٹرز اور ڈسپنسریاں ہیں؟

(ii) مذکورہ ہیلتھ سنٹرز میں کل کتنے ملازمین ہیں۔ تمام ملازمین کی تفصیل فراہم کیا جائے۔

(iii) مندرجہ بالا ہیلتھ سنٹرز کو 2024 سے تا حال کتنی دوائیاں فراہم کی گئی ہیں؟ تفصیل فراہم کیا جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:51 AM - Mon
سوال نمبر **Question # 1511**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ایوب میڈیکل کالج اور ایوب میڈیکل ٹیچنگ انسٹی ٹیوٹ کی پُرانی عمارت کی جگہ نئی عمارت تعمیر کرنے کا منصوبہ منظور ہوا تھا؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ نئی عمارت تعمیر کرنے کا منصوبہ اب ختم کیا گیا ہے؟

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو منصوبہ ختم کرنے / روکنے کی وجوہات کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:27 PM - Mon
**Question # 1392 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 2018 میں محکمہ پولیس میں مختلف آسامیوں (کانسٹیبل، ہیڈ کانسٹیبل اور اسسٹنٹ سب انسپکٹر) کی اپگریڈیشن ہوئی تھی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:-

(i) اپگریڈیشن کونسے سکیل تک ہوئی ہے اور اس اپگریڈیشن سے مذکورہ اہلکاروں کی کیا مراعات ممکن ہوئی ہے مکمل تفصیل فراہم کرے؟

(ii) اپگریڈیشن کے ساتھ تنخواہوں سے ٹیکس کٹوتی کی بھی وضاحت کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:28 PM - Mon
**Question # 1393 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گزشتہ حکومت نے E-FIR کی سہولت متعارف کرائی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اب تک پشاور اور ڈیرہ اسماعیل خان ڈویژن میں اس سہولت کی فراہمی سے کتنی FIR درج ہو چکی ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:31 PM - Mon
**Question # 1396 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر منصوبہ بندی و ترقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) Umbrella سکیمیں کیا ہوتی ہیں؟ کس اصول اور قانون کے تحت اس میں سکیمیں شامل کی جاتی ہیں؟ تقسیم کا طریقہ کار کیا ہے؟

(ب) کیا اس میں ممبران اسمبلی کی سکیمیں بھی شامل کی جاتی ہیں؟ اس کے لئے کیا پالیسی ہوتی ہے اور اس کی مجاز اتھارٹی کون ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:32 PM - Mon
**Question # 1394 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر عملہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ اٹھارویں ترامیم کے بعد صوبے کے حکومتی رولز آف بزنس میں ترامیم لازمی تھی؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ کئی سال گزرنے کے باوجود یہ ترامیم نہیں کی گئی ہیں؟

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت کب تک اس قانونی سقم کو دور کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:46 PM - Mon
**Question # 1554 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر کھیل ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) صوبہ خیبر پختونخوا میں سال 20-2019 اور 2021 کے کرکٹ سیزن میں کتنے فرسٹ کلاس میچز کھیلے گئے؟

(ب) صوبہ خیبر پختونخوا میں فرسٹ کلاس Grade-1 معیار کے کتنے میدان Stadiums موجود ہیں ضلع وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:32 PM - Mon
**Question # 1586 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حلقہ پی کے 115 میں واقع تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کلاچی، تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال درابن اور تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال درازندہ فعال ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتالوں میں ڈیوٹی پر موجود طبی عملے کے عہدوں کی تفصیل بمعہ موجود طبی سہولیات کی تفصیل (دوائیں، ایکسرے اور لیبارٹری وغیرہ) ہسپتال وار فراہم کی جائیں۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا پانچواں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:15 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1445**
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر معدنیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) حکومت کی ایبٹ آباد میں معدنی ذخائر کو بروئے کار لانے کیلئے کیا حکمت عملی ہے ؟ نیز مقامی آبادی کے حقوق مثلاً رائیلٹی، اپروچ روڈز، روزگار اور زمینی معاوضے کا کتنا خیال رکھا گیا ہے۔ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:16 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1448**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ماحولیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع آیبٹ اباد میں جپسم کے بہت سے کارخانے ہیں جن سے آیبٹ اباد کے ماحول پر انتہائی مضر اثرات مرتب ہو رہے ہیں ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ کارخانوں کو چلانے کے لیے این او سی کس نے جاری کی ہے ؟ تمام کارخانوں کو جاری کی گئی این او سی کی کاپیاں فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:19 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1385**
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر آبکاری و محاصل اوانسداد منشیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ایکسائیز نے غیر قانونی گاڑیاں ضبط کی ہیں ؟ اور وہ گاڑیاں محکمہ نے اپنے افسران کو استعمال کرنے کے لیے دی ہیں ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) محکمہ نے کتنی غیر قانونی گاڑیاں ضبط کی ہیں ؟ گاڑی نمبر کے ساتھ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) کس قانون کے تحت اور کون کون سی گاڑی کس کس افسر کے پاس زیر استعمال ہیں ؟ بمعہ دستاویزات تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:20 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1387**
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر آبکاری و محاصل وانسداد منشیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ایکسائیز دیگر محکموں کے افسران کو بھی گاڑیاں دیتا ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) کس قانون کے تحت دوسرے محکموں کے افسران کو گاڑیاں دی جاتی ہیں ؟

(ii) دیگر محکموں کے جس جس افسر کو گاڑی Allot ہوئی ہے، ان سب افسران کے نام بمعہ Allotment letter اور جسکے کہنے پر ہوئی ہے ان سب کے نام تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:08 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1408**
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صنعت و حرفت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں ٹیوٹا کے نام سے ادارہ موجود ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) ٹیوٹا (Vocational Training Authority & Technical Education) کے قیام سے لیکر اب تک کن کن محکموں کی لیبرز کو تربیت دی گئی ہے ؟ تربیت شدہ لیبرز کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) ٹیوٹا نے پچھلے چار سالوں کے دوران تمام محکموں کی لیبرز کی تربیت پر کتنا خرچ کیا ہے ؟ خرچ شدہ رقم کی الگ الگ اور مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:09 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1409**
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صنعت و حرفت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 2018 سے 2024 تک صوبہ میں مختلف چھوٹے بڑے کارخانے بند پڑے ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ صنعتوں کی بندش کی وجہ سے ہزاروں لوگ بے روزگار ہوئے ہیں؟

(ج) اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) مذکورہ عرصے کے دوران صوبے بھر میں بند کارخانوں کی تعداد بمعہ وجہ اوران بند کارخانوں میں کام کرنے والوں کی تعداد فراہم کی جائے۔

(ii) نیز مذکورہ بند کارخانوں سے صوبائی حکومت کو سالانہ کتنا نقصان ہورہاہے۔ ہر ایک کارخانے کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:10 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1405**
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صنعت و حرفت وفنی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہذا کے زیر نگرانی ٹیوٹا (TEVTA)Technical Education & Vocational Training Authority میں خواتین کو نمائندگی حاصل ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ٹیوٹا خواتین کی بحالی وترقی کے لئے کیا کام کررہاہے اوران میں خواتین کی کتنی نمائندگی ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:13 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1451**
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر جنگلی حیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ وائلڈ لائف ایکٹ کی شق 15 کے تحت محفوظ شدہ جانوروں کی ملکیت کو ریگولیٹ کیا گیاہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو صوبہ پنجاب کی نسبت خیبر پختونخواہ میں گوس ہاک کی درآمد پر پابندی کیوں ہے؟ نیز دیگر جانوروں کی درآمد کی اجازت کے باوجود گوس ہاک کی درآمد میں کونسی مخصوص رکاوٹیں ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:14 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1453**
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر جنگلی حیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختونخوا وائلڈ لائف اینڈ بائیو ڈائیورسٹی ایکٹ کے باب III کے قوانین کے تحت بغیر اجازت نامے کے شکاری بازوں کے ذریعے شکار کرنا ممنوع ہے؟

(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) خیبر پختونخواہ کے شہریوں کو شکار کے اس ثقافتی عمل میں حصہ لینے کی اجازت کے لئے اجازت نامے کیوں جاری نہیں کئے جارہے؟

(ii) گزشتہ دس سالوں میں کتنے اجازت نامے جاری کئے گئے ہیں اوراسے جاری کرنے کا طریقہ کار کیا ہے؟

(iii) اگر اجازت نامے محدود ہیں تو ان کے اجراء میں رکاوٹ بننے والی مخصوص وجوہات کیا ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:52 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1587**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**Mr Adnan Khan, Member Provincial Assembly**
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر لیبر از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ورکرز ویلفیئر بورڈ کے مختلف اضلاع میں مختلف منصوبے جاری یا مکمل ہوئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ورکرز ویلفیئر بورڈ کے 2014 سے 2018 تک ہر ضلع میں کتنے اور کون کون سے منصوبے مکمل ہوئے ہیں؟ ان تمام منصوبوں کی ضلع وار مکمل تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:05 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 1463**
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
**جناب (95) محمد ریاض - پی کے صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر معدنیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) معدنیات کی کل کتنی قسمیں ہیں۔ سوپ سٹون کے علاوہ جن کمپونیوں نے لیز یا اپلائی کے لیے افر کی اسکی تفصیل فراہم کریں؟

(ب) سوپ سٹون کا جو سٹاک ضلع کرم کے گوداموں کے اندر پڑا ہے کیا اسی طرح پڑا رہے گا؟ کیا یہ مال خراب نہیں ہو گا؟ گوداموں میں پڑا مال کب تک وہاں سے نکال دیا جائے گا۔ تفصیل فراہم کریں۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:06 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 1465**
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
**جناب (95) محمد ریاض - پی کے صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر معدنیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع کرم میں کل کتنی معدنیات کے کارخانے ہیں؟ ان میں کتنے لیز پر دیئے جا چکے ہیں؟ اور کل کتنے اپلائی ہو چکے ہیں؟

(ب) لیز دینے کے لیے کیا طریقہ کار ہے جن کی لیز ہو چکی ہے ان کا ٹائم پریڈ کتنا ہو گا؟ پورا تفصیل فراہم کی جائے۔